سوال

(164)رکوع سے پہلے ہاتھ باندھ کر قنوت نازلہ پڑھنا

جواب

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته

کیا دعائے قنوت رکوع سے پہلے ہاتھ باندھ کر پڑھیئ جا سکتی ہے اور کیا س جواز میں کوئی حدیث یا صحابہ کا عمل موجوع ہے ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

قیام اللیل للمروزی میں بعض صحابہ کرام رضی اللہ عنھم کے بارے میں لکھا ہے کہ وہ رکوع سے پہلے ہاتھ باندھ کر دعائے قنوت پڑھنا ثابت ہے۔ شیخنا وشیخ الکل حضرت محمد محدث گوندلوی رحمہ اللہاپنے فتویٰ میں ارقام فرماتے ہیں :

''دعائے قنوت رکوع سے پہلے اور رکوع کے بعد دونوں طرح صحابہ رضی اللہ عنھم سے مروی ہے۔ (جزء رفع الیدین) اور رکوع سے پہلے ہاتھ باندھ کر دعا کرنا بھی بعض صحابہ سے آیا ہے۔ قیام اللیل) العبد محمد گوندلوی ۱۴۔ ۲۔ ۲۳٦۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ محمدیہ

ج1ص516

محدث فتویٰ